© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعہ

(۱)...... ۲۲/۱۲/۲۰۰۵ء۔ ملک اردن سے تعلق رکھنے والے تبلیغی جماعت کے احباب نے اپنی آمد سے جامعہ کو عزت بخشی ۔ جامعہ کے پرسکون علمی ماحول میں کچھ لمحات گذارے حضرت مہتمم صاحب اور جامعہ کے دین کی ترویج واشاعت کے لئے کی جانے والی مساعی پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ بعداز نماز ظہر طلبہ کے اجتماع سے خصوصی بیان کیا جس میں جماعت کے مخصوص انداز میں دعوت وتبلیغ کی ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالی گئی جس سے امت کے لئے جماعت میں موجود تڑپ اور فکروغم کی عکاسی ہورہی تھی۔

(۲)...... ۲۴/۱۲/۲۰۰۵ء۔ انسانی جانوں کی حفاظت واحترام اور معاشرہ میں انسانی جانوں کے قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات کی روک تھام کے سلسلہ میں اہل دین کا کردار انتہائی ضروری ہے ۔ اہل دین کے کردار کی اس پہلو کے حوالے سے ۲۴ر دسمبر ۲۰۰۵ء بروز ہفتہ علماء کا اہم اجلاس امام الہند لائبریری بنوں میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جید علماء اور بااثر شخصیات نے مذکورہ صدر موضوع پر سیر حاصل بحث کیا۔

(۳)...... ۲۷/۱۲/۲۰۰۵ء۔ صوبہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے پبلک سروس کمیشن کے زیر تربیت افسران نے ڈی سی او بنوں کی معیت میں جامعہ کا دورہ کیا۔ جامعہ ھٰذا کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد نواز بنوی اور مفتی عبدالغنی ایڈوکیٹ نے جامعہ کے مختلف شعبے دکھائیں ۔طلبہ کو فراہم کی جانی والی تعلیمی سہولیات، طریقہ کار اور نظم ونسق سے شرکاء دورہ کو آگاہ کیا۔ شرکاء دورہ نے جامعہ کے بہتر تعلیمی ماحول اور فراہم کی جانے والی سہولیات پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا اور مفید مشورے دیئے۔

شرکاء نے دفتر جدید فقہی تحقیقات کا بھی خصوصی دورہ کیا۔ ناظم ترسیل ''المباحث الاسلامیہ'' قاری ثناء اللہ نے جاری تحقیقی کام، نوعیت اور اشاعتی امور سے آگاہی دلائی۔ سب شرکاء کو المباحث الاسلامیہ اور دیگر لٹریچر کی ایک ایک کاپی تحفۃً پیش کی۔ سب نے مجلّہ کو بے حد پسند کیا۔

(۴)...... ۲۹/۱۲/۲۰۰۵ء۔ شعبہ جدید فقہی تحقیقات ومجلّہ ''المباحث الاسلامیہ'' کا ایک اہم اجلاس حضرت مہتمم صاحب کی صدرات میں ہوا ۔ اجلاس میں مجلّہ اور دیگر دستاویزات کی طباعت ، پروف ، ریکارڈ اور فائلنگ سے متعلقہ امور پر تادیر غور وخوض ہوا ۔ جناب مہتمم صاحب نے اس شعبے کی خدمات میں بہتری پیدا کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی ۔ طباعت اور پروف ریڈنگ کے بارے میں خصوصی طور پر توجہ دینے کے لئے فرمایا۔ علاوہ ازیں انگریزی مجلّہ کے اجراء کے بارے میں بھی تبادلہ خیال ہوا۔

(۵)...... ۳ جنوری ۲۰۰۶ء کو جامعہ کے مہتمم مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی ایم این اے رابطۃ العالم الاسلامی مکۃ المکرمۃ کے دعوت پر سفرِ حج پر روانہ ہوئے اور ان کے ضیافت میں رہے۔ اس موقع پر امرائے رابطۃ العالم الاسلامی کے زیر اہتمام منعقد مؤتمر مکۃ المکرّمہ السادس جوکہ مناھج العالم الاسلامیۃ کے موضوع پر حج کے موقع پر منعقد کیا گیا تھا۔ ۸ ذوالحجہ کو منیٰ میں

© rasailojaraid.com